پریس ریلیز (Also emailed*/faxed separately)

## رائے عامہ سروے
## موضوع: "ٹیکنالوجی"
## "ایپلی کیشنز"

# ہر 4 میں سے 1 پاکستانی ٹک ٹاک کے استعمال کا دعویٰ کرتے ہیں، یہ شرح شہری علاقوں میں رہنے والوں میں 28% اور دیہی علاقوں میں رہنے والوں میں 24% پائی گئی:

**(گیلپ & گیلانی پاکستان پول)،**

اسلام آباد، 16 مارچ، 2021

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 26% پاکستانی ٹک ٹاک کے استعمال کا دعویٰ کرتے ہیں، جبکہ 72% کے مطابق وہ ٹک ٹاک استعمال نہیں کرتے ہیں۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ، **"برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ ٹک ٹاک استعمال کرتے ہیں؟** اس سوال کے جواب میں 26% جوابدہندگان کے مطابق "ہاں" وہ ٹک ٹاک استعمال کرتے ہیں، جبکہ 72% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" وہ ٹک ٹاک استعمال نہیں کرتے ہیں۔ تاہم 2% جوابدہندگان نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**دیہی و شہری علاقوں کے نتائج کا موازنہ:**


دیہی علاقوں میں رہنے والے 24% جوابدہندگان کی نسبت شہری علاقوں میں رہنے والے 28% جوابدہندگان ٹک ٹاک کے استعمال کا دعویٰ کرتے ہیں۔

**عمر کے نتائج کا موازنہ:**


ٹک ٹاک کو استعمال کرنے والوں کی شرح تیس سال سے کم عمر افراد میں سب سے زیادہ (33%) پائی گئی، اس کے بعد تیس سے پچاس سال کی عمر کے گروپ میں یہ شرح 21% اور اس کے بعد پچاس سال سے زائد عمر میں 15% پائی گئی۔


**نوٹ:** ٹک ٹاک ایک ایسی ایپلی کیشن ہے جو پاکستان کے مختلف سماجی طبقے کے افراد استعمال کرتے ہیں۔ چین کی ایجاد کردہ اِس ایپ کے مالک کے مطابق یہ پاکستان میں سب سے زیادہ ڈاؤن لوڈ کی جانے والی ایپلی کیشن ہے[1] اور اِس ایپلی کیشن کو نچلے اور متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے پاکستانیوں کی تفریح کا ایک بڑا ذریعہ سمجھا جاتا ہے؛ اِس کے باوجود حال ہی میں اِس ایپلی کیشن پر پی ٹی اے کی جانب سے غیر اخلاقی اور قابل اعتراض مواد کی وجہ سے ایک بار پھر پابندی عائد کر دی گئی ہے۔

"برائے مہربانی بتائیں کہ کیا آپ ٹک ٹاک استعمال کرتے ہیں؟"




[1] https://www.thenews.com.pk/latest/571737-tiktok-is-the-most-downloaded-social-media-app-in-pakistan




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1503 مرد و خواتین سے 06 فروری تا 27 فروری 2021 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 2-3% ± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔ جواب دہندگان کا تعلق پاکستان کے 100 سے زائد اضلاع سے ہے۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday, 16 March 2021**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan and Gilani Research foundation are a nonpartisan fact tank and think tank respectively. As a neutral source of data and analysis, both organizations do not take policy positions.*

Daily Gilani Poll
2021

celebrating 41 years of Gallup Pakistan (1980-2021)